10-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے رئیل اسٹیٹ ڈیولپرس پر زور دیا کہ وہ کم آمدنی والے خاندانوں اور متوسط گھرانوں کیلئے کفایتی شرحوں پر مکانات کو ترجیح دیں۔

۲۔ مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا کہ ہندوستان ذہنی صحت کی خدمات کی فراہمی کے عہد کا پابند ہے۔

۳۔بی جے پی کے ریاستی صدر جی رام چندر راؤ نے کہا کہ پارٹی جوبلی ہلز ضمنی الیکشن جیت کر وزیر اعظم نریندر مودی کو تحفہ دے گی۔

۴۔تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

DGP- SURRENDERS:

سی پی آئی ماؤسٹ کے ریاستی کمیٹی کے تین ارکان نے آج حیدرآباد میں بی جے پی شیوادھر ریڈی کے آگے خودسپردگی اور اصل دھارے میں شامل ہوگئے۔ اس موقع پر ڈی جی پی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کردہ مختلف اقدامات اور ماؤنوازوں کے آپسی اختلافات سمیت دیگر وجوہات کی بنیاد پر گزشتہ چار مہینوں کے درمیان 400 سے زیادہ ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں میں کے وینکٹیا عرف رمیش بھی شامل ہیں جو 36 سال سے زیادہ روپوش تھا دیگر دو ماؤنوازوں میں ایم وینکٹ راجو عرف راجو عرف ایرا راجو اور ٹی گنگا عرف گنگوا عرف سونی شامل ہیں۔یہ تینوں ماؤنوازوں نے دنڈا کرنیا دلم میں بھی کام کیا۔اس موقع پر ڈی جی پی نے ریاستی حکومت کی اسکیم کے تحت تینوں کو فی کس 20 لاکھ روپے کی رقم حوالہ کی۔ بعد میں وینکٹیا نے کہا کہ گزشتہ چند عرصہ سے پارٹی میں نظریاتی اختلافات پائے جارہے تھے۔

Sound Byte

WEATHER:

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں بتایا کہ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں محبوب نگر ضلع کے بعض مقامات پر موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔ اسی مدت کے دوران ریاست کے دیگر اضلاع میں بھی بارش ریکارڈ کی گئی۔

PONNAM:

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ و بہبود پسماندہ طبقات پونم پربھاکر نے کہا کہ جوبلی ہلز ضمنی انتخاب کے دوران کانگریس پارٹی متحدہ طور پر کام کرے گی۔سابق رکن پارلیمنٹ انجن کمار یادو کے ساتھ ملاقات کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے پونم پربھاکر نے کہا کہ حالانکہ انجن کمار یادو جوبلی ہلز سے انتخاب لڑنا چاہتے تھے تاہم پارٹی اعلیٰ کمان نے موجودہ سیاسی حالات کو دیکھتے ہوئے دیگر امیدوار کو ٹکٹ دیا ہے۔کہا جارہا ہے کہ ٹکٹ نہ ملنے سے انجن کمار یادو مایوس ہیں۔

SPARK 4.0:

مرکزی حکومت نے ملک بھر کے آیورویدا انڈر گریجویٹ طلبہ میں تحقیقی اور سائنسی صلاحیتوں کو بڑھانے کے پروگرام اسٹوڈنٹ پروگرام فار آیوویدا ریسرچ کین اسپارک کا چوتھا ایڈیشن جاری کیا۔ وزارتِ آیوش نے بتایا کہ اس پروگرام کے تحت نیشنل کمیشن فار انڈین سسٹم آف میڈیسن کے ملحقہ کالجس کے انڈر گریجویٹ 300 طلبہ کو پچاس ہزار روپے کی مدد فراہم کی جائے گی۔اس مہینہ کی پندرہ تاریخ سے آئندہ مہینہ کی پندرہ تاریخ تک رجسٹریشن کا عمل جاری رہے گا۔

ARCHIVES:

مرکزی وزیر ثقافت گجیندر سنگھ شیکھاوت نے کہا کہ ہندوستان تیزی کے ساتھ ڈیجیٹائزیشن کیلئے کام کررہا ہے۔نئی دہلی میں نیشنل آرکائیوز آف انڈیا کے زیر اہتمام منعقدہ ایک نمائش کے افتتاح کے موقع پر گجیندر سنگھ شیکھاوت نے کہا کہ ملک اس وقت تبدیلی کے دور سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نمائش سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی اور سابق صدر جمہوریہ اے پی جے عبدالکلام کے نصب العین اور ان کی خدمات کو اجاگر کرنے کیلئے لگائی گئی ہے۔اس موقع پر مرکزی وزیر نے ملک کے انتظامی اور تاریخی ریکارڈس کو محفوظ کرنے میں نیشنل آرکائیوز کے رول کو سراہا۔

SOUND BYTE

PM - DAY:

وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اجتماعی طور پر کام کریں اور ایسا ماحول پیدا کریں جہاں پر لوگوں کو ذہنی سکون حاصل ہو سکے۔ایک سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یوم ذہنی صحت سے ہمیں یہ یاددہانی ہوتی ہے کہ ہر کسی کی زندگی میں ذہنی صحت بنیادی جز کی حیثیت رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں دوسروں کے ساتھ ہمدردی کا برتاؤ کرنا چاہئے۔

BYE - ELECTTION:

جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب کے دوران رائے دہندگان الیکشن کمیشن کی جانب سے دئے گئے بارہ فوٹو شناختی کارڈ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر آروی کرنن نے آج بارہ مصدقہ فوٹو آئی ڈی پروف کی لسٹ جاری کی اور کہا کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اہل رائے دہندگان اپنے جمہوری حق کا استعمال کرسکیں۔ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نے بتایا کہ ایسے رائے دہندگان جن کے نام فہرست رائے دہندگان میں موجود ہیں تاہم ان کے پاس ووٹر شناختی کارڈ دستیاب نہیں ہیں تب بھی وہ مذکورہ بارہ شناختی دستاویزات میں سے کوئی ایک دستاویز کے ذریعہ اپنے حق رائے دہی سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

## HYDRAA

ہائیڈرانے آج حیدرآباد کے بنجارہ ہلز میں سرکاری زمین پر سے تقریباً 750 کروڑ روپے مالیت کی پانچ ایکر اراضی پر غیر مجاز قبضوں کو ہٹایا ہے۔ اس سے قبل حکومت نے اِس زمین میں سے 1.20 ایکر حیدرآباد میٹرو واٹر بورڈ کو الاٹ کیا تھا۔ تاہم پارتھا سارتھی نام کے ایک شخص نے پورے پانچ ایکر پلاٹ پر ملکیت کا دعویٰ کرتے ہوئے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ حالانکہ یہ معاملہ ابھی زیر دوراں تھا لیکن پارتھا سارتھی نے مبینہ طور پر پوری زمین کا کنٹرول حاصل کرتے ہوئے اس پر عارضی شیڈ بھی تعمیر کر لئے تھے۔ ہائیڈرا کے عہدیداروں نے انہدامی کارروائی کرتے ہوئے تمام غیر مجاز ڈھانچوں کو ہٹادیا۔

## TG Vision

تلنگانہ حکومت وکست بھارت مشن کے تحت تلنگانہ رائزنگ ویژن 2047 تیار کر رہی ہے تاکہ ریاست کو ایک خوشحال، جامع اور پائیدار ترقی کے ماڈل کے طور پر آگے بڑھایا جاسکے۔ یہ تاریخی اقدام ریاست کی ترقی کیلئے ترجیحات اور امنگوں کا تعین کرے گا۔ اِس مقصد کے تحت حکومت نے تلنگانہ رائزنگ ویژن 2047ء سٹیزن سروے کا آغاز کیا ہے جو دس اکتوبر سے پچیس اکتوبر تک منعقد کیا جارہا ہے۔ اس دس روزہ سروے کے دوران عوام سے تجاویز طلب کی گئی ہے کہ وہ سال 2047ء تلنگانہ کو کس طرح دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر حکومت کے خصوصی چیف سکریٹری جیش رنجن نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ ویژن 2047ء محض ایک پالیسی دستاویز نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے عوام کا مشترکہ خواب ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے شہری ہی ریاست کے حقیقی معمار ہیں۔ انہوں نے ہر شہری سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مقصد کیلئے اپنے تجاویز ضرور روانہ کریں۔

BJP

بی جے پی کے ریاستی صدر جی رام چندر راؤ نے کہا کہ پارٹی جوبلی ہلز ضمنی الیکشن جیت کر وزیر اعظم نریندر مودی کو تحفہ دے گی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ ضمنی انتخاب میں پارٹی کو کامیابی ملے گی اور دو سے تین دنوں کے اندر پارٹی امیدوار کے نام کا اعلان کیا جائے گا۔ رام چندر راؤ نے پارٹی ورکروں اور لیڈروں پر زور دیا کہ وہ جوبلی ہلز میں گھر گھر مہم شروع کر دیں۔ پارٹی کے ریاستی دفتر میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے بی آر ایس اور کانگریس پر عوامی وعدوں کو پورا نہ کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں پارٹیاں ترقی پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے ووٹ بینک کی سیاست کرتی ہے۔

BHATTI:

ریاستی نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے رئیل اسٹیٹ ڈیولپرس پر زور دیا کہ وہ کم آمدنی والے خاندانوں اور متوسط گھرانوں کیلئے کفایتی شرحوں پر مکانات کو ترجیح دیں۔ انہوں نے رئیل اسٹیٹ شعبہ کیلئے حکومت کے مثبت اقدامات کا حوالہ دیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے ہائی ٹیک اگزیبیشن مادھو پور میں تین روزہ نیرڈکو پارپرٹی شو کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر بھٹی وکرامارکہ نے رئیل اسٹیٹ شعبہ سے کہا کہ وہ تعلیم اور صحت کے انفرا اسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے سی ایس آر فنڈ فراہم کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں ہوئی زمین کی نیلامی کے دوران فی ایکر 177 کروڑ روپے قیمت پہنچنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ سرمایہ کار شہر میں اپنا سرمایہ مشغول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس دوران ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے کہا کہ اس وقت تلنگانہ تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے اور حیدرآباد کی توسیع میں رئیل اسٹیٹ شعبہ کا اہم کردار ہے۔

TELE MANAS:

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے آج دہلی میں عالمی یوم ذہنی صحت کے موقع پر ٹیلی مانس ایپ سمیت مختلف اقدامات کا آغاز کیا۔ ٹیلی مانس ایپ ہمہ لسانی یوزر انٹرفیس اور چیٹ باٹ ہے جو کہ ہنگامی حالات کے دوران یوزرس کو رہنمائی اور مدد فراہم کرے گا۔ یہ ایپ انگلش اور ہندی زبان کے علاوہ دس علاقائی زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔

○○